وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

پاکستان کا آئین کسی بھی قسم کے صنفی امتیاز کی نفی کرتا ہے۔وفاقی محتسب

کام کی جگہ پر خواتین کو ہراساں کرنے کے بارے میں ویبینار سے وفاقی محتسب کا خطاب

اسلام آباد( )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ نے آئین پر عملدرآمد کرتے ہوئے 2010ء میں خواتین کو کام کی جگہ پر ہراساں کرنے کے خلاف ایکٹ منظور کیا جس میں مردوں اور عورتوں کو کسی خوف وخطر کے بغیر ذریعہ معاش اختیار کرنے کے مساوی مواقع دیئے گئے ہیں۔وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی، ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشین (اے او اے) کے زیراہتمام ''کام کی جگہ خواتین کو ہراسانی سے تحفظ'' کے موضوع پر ایک ویبینار سے خطاب کررہے تھے۔ویبینار میں اے او اے، او آئی سی امبڈسمین ایسوسی ایشین (او آئی سی او اے) اور فورم آف پاکستان امبڈسمین (ایف پی او) کے ممبران کے علاوہ انسانی حقوق پر کام کرنے والے اداروں کے 74 نمائندگان نے آن لائن شرکت کی۔وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی جو کہ 47 رکنی اے او اے کے صدر بھی ہیں، نے ویبینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کا آئین قومی زندگی کے تمام شعبوں میں مساوات اور عزت ووقار کو برقرار رکھتے ہوئے کسی بھی قسم کے صنفی امتیاز کی نفی کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ 2010ء میں خواتین کی ہراسانی کے قانون کے نفاذ کے بعد 2020ء اور 2022ء میں پارلیمنٹ نے دو مزید ایکٹ منظور کئے جن میں مردوں، عورتوں اور ٹرانسجنڈرز کے دائرہ کار کی وضاحت کرتے ہوئے ان کو ایک جیسے حقوق دیئے گئے اور خواتین کو پراپرٹی کے حقوق دینے کو بھی قانونی دائرے میں لایا گیا۔وفاقی محتسب نے کہا ہے کہ یہ ویبینار کسی صنفی تخصیص کے بغیر سب کو برابر حقوق دینے میں پاکستان کے بہترین تجربات کے تبادلے میں معاون ثابت ہوگا۔ویبینار میں وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسیت FOSPAH فوزیہ وقار نے 2011ء سے قائم اپنے ادارے کے بارے میں ایک تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ FOSPAH کسی امتیاز کے بغیر، آئین میں دیئے گئے خواتین کے حقوق کے تحفظ میں اہم کردار ادا کررہا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ پاکستان کا امتیاز ہے کہ یہاں ایک ایسا ادارہ موجود ہے جو 49 فیصد آبادی کو ان کے حقوق دلانے اور خواتین کو بااختیار بنانے کے لئے ان کی مدد کے لئے ہمہ وقت سرگرم ہے۔خواتین کے عالمی دن کے پس منظر میں اس ویبینار کی اہمیت اس لئے بھی دوچند ہوجاتی ہے کہ خواتین کو بااختیار اور ان کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے بے شمار چیلنجز درپیش ہیں۔ویبینار میں چین، تھائی لینڈ، جاپان، آذربائیجان، ایران، کوریا، ترکی، پاکستان اور انڈونیشیا میں اے او اے کے ممبران سمیت 74 مندوبین نے آن لائن شرکت کی۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

27مارچ2024ء